الإشارات الی المنتخبات

منتخب قرآنی مضامین کا مختصر مجموعہ

محمد یوسف مدنی

زیرِ اہتمام: شعبۂ تحقیق وتالیف جامعۃ الشیخ یحییٰ المدنی، بہادرآباد، کراچی

فہرست

عرض حال 9

روشن کرنیں 11

سورت فاتحہ 13

پہلا پارہ 13

سورت بقرہ 13

دوسرا پارہ 14

تیسرا پارہ 15

سورت اٰل عمران 15

چوتھا پارہ 16

سورت نساء 17

پانچواں پارہ 17

چھٹا پارہ 18

سورت مائدہ 18

ساتواں پارہ 19

سورت انعام 19

آٹھویں پارہ 20

سورت اعراف........ 20

نواں پارہ 20

سورت انفال........ 21

دسواں پارہ 21

گیارہواں پارہ........ 22

بارہواں پارہ 23

سورت ہود........ 23

سورت یوسف........ 23

تیرہواں پارہ........ 24

سورت ابراہیم........ 24

چودہواں پارہ........ 25

سورت حجر 25

سورت نحل 25

پندرہواں پارہ 26

سورت اسراء........ 26

سورت کہف 26

سولہواں پارہ 27

سورت مریم 27

سورت طہ 27

سترہواں پارہ 28

سورت انبیاء.. 28

سورت حج 29

اٹھارواں پارہ.. 29

سورت مومنون 29

سورت نور 30

سورت فرقان.. 30

انیسواں پارہ 30

سورت شعراء.. 31

سورت نمل 31

بیسواں پارہ.. 31

سورت قصص 32

سورت عنکبوت.. 32

اکیسواں پارہ 32

سورت روم 33

سورت لقمان.......... 33

سورت سجدہ.......... 33

سورت احزاب.......... 33

بائیسواں پارہ.......... 34

سورت سبا.......... 34

سورت فاطر.......... 34

سورت یٰس.......... 35

تئیسواں پارہ.......... 35

سورت صافات.......... 35

سورت ص.......... 35

سورت زمر.......... 36

چوبیسواں پارہ.......... 36

سورت مومن.......... 36

پچیسواں پارہ.......... 37

سورت شوریٰ.......... 37

سورت زخرف.......... 37

سورت دخان.......... 37

سورت جاثیہ 38

چھبیسواں پارہ 38

سورت احقاف 38

سورت محمد 38

سورت فتح 38

سورت حجرات 39

سورت ق 39

سورت ذاریات 39

ستائیسواں پارہ 39

سورت طور 39

سورت نجم 40

سورت قمر 40

سورت رحمٰن 40

سورہ واقعہ 40

سورت حدید 41

اٹھائیسواں پارہ 41

سورت مجادلہ 41

سورت حشر...41
سورت صف 42
سورت جمعہ 42
سورت منافقون...42
سورت تغابن..42
سورت طلاق 42
سورت تحریم 43
انتیسواں پارہ 43
سورت ملک 43
سورت قلم 43
سورت حاقہ 43
سورت معارج...44
سورت نوح 44
سورت جن 44
سورت مزمل..44
سورت مدثر 44
سورت قیامہ 44

سورت دھر 45
سورت مرسلات 45
تیسواں پارہ 45
سورت نبا.. 45
سورت عبس 45
سورت مطففین 45
سورت بروج 46
سورت فجر 46
سورت شمس 46
سورت ضحیٰ 46
سورت علق 46
سورت قدر 46
سورت عادیات.. 47
سورت تکاثر.. 47
سورت عصر 47
سورت فیل... 47
سورت کوثر... 47

سورت اخلاص 47
سورت فلق...47
سورت ناس 48

عرض حال

بسم الله الرحمن الرحيم

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

قرآن کریم تمام علوم کا منبع اور رشد وہدایت کا سرچشمہ ہے،اس سے مضبوط تعلق ایمان کی نشانی اور نجات کی علامت ہے، دنیا وآخرت کی تمام حاجات ومشکلات کا حل اسی نسخہ کیمیا کے اندر ہے،کلام الٰہی سے تعلق کی ایک شکل یہ بھی ہے کہ اس پیغام ربانی کو سمجھ کر دل ودماغ میں اتارا جائے، یہ عمل جس قدر تسلسل اور مضبوطی کے ساتھ ہوگا اسی قدر ذات خداوندی پر یقین قوی ہوگا، دماغ سے شکوک وشبہات دور ہوں گے، دلوں سے زنگ اور سیاہی نکلے گی، اخلاق وکردار میں نکھار اور روح میں پاکیزگی موجزن ہوگی۔

رمضان المبارک کا مہینہ بطور خاص قرآن سے تعلق کا مہینہ ہے اور کیوں نہ ہو کہ خود باری تعالی نے اس مہینے کا تعارف قرآن ہی کی نسبت سے یوں کروایاہے:شهر رمضان الذی انزل فیه القرآن

الحمدللہ پورے عالم اسلام بالخصوص مملکت خداداد پاکستان میں جگہ جگہ نماز تراویح کی رونقیں روح کے سکون اور دلوں کی ٹھنڈک کا باعث بنتی ہیں، عرصہ دراز سے یہی خواہش تھی کہ تراویح کے لیے منعقد ہونے والے انہی اجتماعات سے یہ فائدہ اٹھانے کی بھی کوشش کی جائے کہ امت قرآن سے بھی جڑے اور آنے والا مجمع صرف قرآن سن کر ہی نہیں بلکہ سنائے جانے والے پیغام کو بھی ساتھ لے جائے اور جاتے وقت اسے یہ پتا ہو کہ آج کے اس سنے ہوئے پارے میں رب العالمین کی طرف سے میرے لیے کیا ہدایات ہیں؟؟ کوئی بعید نہیں کہ ایک دن عمل کی توفیق بھی ہو جائے۔

اسی جذبہ کے پیش نظر الحمدللہ اس سال جامعۃ الشیخ یحیی المدنی بہادرآباد کراچی (جو صرف تعلیمی ہی نہیں، اصلاحی، رفاہی اور دعوتی ادارہ بھی ہے) کی زیر سرپرستی ملک بھر میں 300 جگہ دروس قرآن کا سلسلہ شروع کرنے کی آواز لگائی گئی، الحمدللہ فضلا، علما اور ائمہ مساجد کی طرف سے اس حوالہ سے غیر معمولی ذوق وشوق دکھائی دیا اور مختصر وقت میں یہ تعداد 300 سے متجاوز ہوگئی اور تاحال یہ سلسلہ جاری ہے۔

ان دروس کے حوالہ سے یہ بات طے ہوئی تھی کہ پڑھے جانے والے سیپارے کے منتخب مضامین نمازتراویح کے بعد 15 منٹ میں نمازی حضرات کے سامنے رکھے جائیں گے جس میں ان کی زبان، اسلوب اور ذہنی سطح کا پورا خیال ہو، اس کتابچے میں ابتدائی رہنمائی (Guideline) کے طور پر ہر پارے کے متعلق 10 کے لگ بھگ موضوعات لکھ دیے گئے ہیں، مدرسین حضرات سے درخواست ہے کہ اس کو سامنے رکھ کر تفصیلی مواد پہلے سے تیار فرمالیں اور ظاہر ہے کہ یہ نکات صرف ایک انتخاب ہے، بعض مقامات پر تقاضے کے باوجود تطویل کے ڈر سے مزید املاء کرانے کی ہمت نہ ہوئی، ہاں اتنا ضرور ہے کہ یہ عوام الناس کو قرآن سے جوڑنے کی ابتدائی کاوش ہوسکتی ہے، ان شاء اللہ اس موضوع پر تفصیل سے کام کرنے کا ارادہ ہے، ملحوظ رہے کہ یہ تمام نکات کسی تالیفی ارادہ کے بغیر ہجوم مشاغل اور عدیم الفرصتی میں کچھ ہی دنوں میں مکمل کرائے گئے، اس لیے اسے کوئی مستقل تالیفی کام نہ سمجھا جائے۔ اللہ تعالی اس کام کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور اس مشن میں شریک تمام احباب کو اپنی شایان شان جزائے خیر عطا فرمائے، آمین

والسلام

محمد یوسف مدنی

خادم جامعۃ الشیخ یحیی المدنی بہادرآباد کراچی

7 اپریل 2021ء

روشن کرنیں

ارشاد ربانی"وکذلک اوحینا الیک روحا من امرنا"کا مطلب یہ ہے کہ انسانیت بے روح ایک دھڑ تھا، قرآن اترا تو انسانیت میں روح آئی اور وہ تازہ دم ہوکر زندگی کے شب و روز سے لطف اندوز ہونے لگی۔

"کتاب انزلناہ الیک لتخرج الناس من الظلمٰت الی النور"کا مفہوم یہ ہے کہ انسانیت گھٹا ٹوپ اندھیروں میں بھٹک رہی تھی، غار حراء سے ایک سورج طلوع ہوا، جس نے انسانیت کو ہمہ جہتی روشنی فراہم کی۔

"یٰایھا الناس قدجاءکم برھان من ربکم"کی تفسیر یہ ہے کہ انسانیت بلا حجت و برہان ایک ڈھکوسلے کا خاکہ تھا، قرآن نے آکر انسانیت کو اپنی حیثیت منوانے کی وجہ بتائی اور برہان کی اسے طاقت فراہم کی۔

"قیما لینذر باسا شدیدا"کی وضاحت یہ کہ انسانیت کی کشتی ہچکولے کھا رہی تھی، قرآن نے آکر اس کی زمام سنبھالی اور اسے سہارا فراہم کیا۔

"یٰایھا الناس قدجاءتکم موعظۃ من ربکم"کا ترجمہ یہ ہے کہ قرآن رب کی نصیحت ہے،یہ سینوں کی الجھنوں کی سلجھن راہ ہدایت اور رحمت ہے۔

سائنس ،مادیت اور عقل وشعور کے اس دور کا المیہ یہ ہے کہ آج کا انسان مادہ سے متعلق تو بہت کچھ جانتا ہے، مگر ہے وہ ایک پریشان، گرتاپڑتا،اپنے مقصد تخلیق سے نا آشنا ایک بے روح دھڑ۔ ظاہر چمک دمک کی روشنی نے اسے ایک نفسیاتی مریض سا بنا دیا ہے۔ اس کا اپنا وجود اس کے لیےایک بوجھ سا بن گیا ہے، بسا اوقات وہ منتظر رہتا ہے کہ کب اس کی زندگی کی ڈور کٹے اور وہ راہئ عدم بنے۔آج کی بظاہر چمکتی دمکتی مگر در حقیقت الجھنوں بھری زندگی کے خشک کشت زاروں کو دراصل شدید ضرورت ہے قرآنی آب حیات کی۔خدا کی قسم زندگی کی حقیقی رونقیں چاند پر کمندیں ڈالنے اور سائنسی ترقی سے نہیں، قرآن سے والہانہ لگاؤ سے وابستہ ہیں۔

رمضان کو قرآن سے خاص مناسبت ہے۔اسی مناسبت کو مد نظر رکھتے ہوئے جامعۃ الشیخ یحیٰی المدنی، بہادر آباد کراچی اور جامعہ کے روح رواں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یوسف مدنی کی تڑپ ہیکہ رمضان میں قرآن کی بہاروں سے ہم

لطف اندوز ہوں۔اس کے لئے ملک بھر میں جامعہ کے فضلاء اور متعلقین اس ماہ مقدس میں بعد از تراویح ، دروس قرآن کی محافل سجانے کی کوششوں میں مگن ہیں، الحمدللہ اب تک تین سو سے زائد مقامات پر ان ایمان افروز مجالس کا انعقاد طے پاچکا ہے۔آنے والے صفحات حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف مدنی کے املاء کردہ مختصر نکات ہیں، جن کی روشنی میں آپ ان مجالس کو مفید سے مفید تر اور پُرکشش بناسکتے ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ اس کاوش کو قرآن کی روشن کرنوں کے پھیلانے کا ذریعہ بنائے۔آمین

وصلی اللہ وسلم علی سیدنا محمدوعلی آلہ وصحبہ اجمعین

عبیدالرحمن رؤفی

ریسرچ اسکالر کراچی یونیورسٹی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

منتخباتِ قرآن

سورت فاتحہ

اللہ کی حمد وثناء اور صراط مستقیم کی ہدایت کی خصوصی دعا۔

پہلا پارہ

سورت بقرہ

1۔۔۔ قرآن کے نزول کا مقصد ہدایت ہے ۔(۲)

2۔۔۔متقین کی صفات۔(۳۔۶)

3۔۔۔منافقین کی چند اہم نشانیاں۔(۷۔۲۰)

4۔۔۔انعامات خداوندی کا تذکرہ۔(۲۱۔۲۹)

5۔۔۔خلافت آدم اور سجود ملائکہ کا واقعہ۔(۳۰۔۳۴)

6۔۔۔بنی اسرائیل پر انعامات خداوندی اور ان کی ناشکری۔(۴۰۔۶۵)

7۔۔۔واقعہ بقرہ۔(۶۷۔۷۱)

8۔۔۔واقعہ ہاروت وماروت۔(۱۰۲)

9۔۔۔ نجات یہودیت و نصرانیت کے دعوے میں نہیں بلکہ اللہ کی کامل تابعداری اور اسلام میں ہے۔(
۱۱۲)

10۔۔۔ بناء کعبہ کا واقعہ۔(۱۲۶۔۱۲۷)

11۔۔۔ انبیاء علیہم السلام کا بوقت وصال اپنی اولاد کو دین پر استقامت کی وصیت،(جس سے معلوم ہوا کہ اولاد کی تربیت کی ذمہ داری حالت نزع تک ہے۔(۱۳۱۔۱۳۲۱۳۳)

دوسرا پارہ

1۔۔۔ واقعہ تحویل قبلہ اور اس کے اسرار و حکم۔ (۱۴۲)

2۔۔۔ نماز اور صبر میں اللہ تعالیٰ کی خاص مدد ہے اور مختلف آزمائشیں زندگی کا حصہ ہیں۔
(۱۵۳۔۱۵۷)

3۔۔۔ عقیدہ توحید اور دلائل تکوینی کا بیان۔(۱۶۴)

4۔۔۔ روزے کی فرضیت تقویٰ کیلئے ہے، اور اس کا حصول کیسے ہو؟۔(۱۸۵)

5۔۔۔ حج کے بعض اہم مسائل۔(۱۹۶۔۱۹۷)

6۔۔۔ شراب اور جوئے کی حرمت اور اس کے نقصانات۔ (۲۱۹)

7۔۔۔ نکاح اور حالت حیض میں بیوی سے ملنے کے متعلق ہدایات۔(۲۲۲)

8۔۔۔ ایلاء اور طلاق کے مسائل۔(۲۲۹۔۲۲۶،۲۲۷)

9۔۔۔رضاع کے احکام۔(۲۳۳)

10۔۔۔واقعہ طالوت وجالوت اور اس کے اہم اسباق۔(۲۴۷۔۔۲۵۰)

تیسرا پارہ

1۔۔۔آیۃ الکرسی اور شان باری تعالیٰ سے متعلق دعوت فکر دینے والے دس امور۔(۲۵۵)

2۔۔۔تین اہم واقعات (۱۔حضرت ابراہیم علیہ السلام ونمرود کا واقعہ۔۲۔حضرت عزیر علیہ السلام کا واقعہ۔۳۔حضرت ابراہیم علیہ السلام اور چار پرندوں کا واقعہ)۔(۲۵۸۔۔۲۲۶۰)

3۔۔۔انفاق فی سبیل اللہ کی ترغیب اور اس کا بیان کہ شیطان فقر سے ڈراتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رزق کی وسعت کا وعدہ ہے۔(۲۶۴۔۔۲۷۳)

4۔۔۔سود کی حرمت اور اس کی تباہ کاریاں۔(۲۷۵۔۲۷۶)

5۔۔۔ادھار لین دین کے احکام۔(۲۸۲۔۲۸۳)

سورت اٰل عمران

6۔۔۔محکمات اور متشابہات کا بیان۔(۷)

7۔۔۔حضرت مریم علیہا السلام کی والدہ کا خدمت دین کی نیت سے اولاد کی دعا۔(۳۵۔۴۵)

8۔۔۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات اور اس بات کا بیان کہ وہ آسمانوں پر زندہ ہیں۔(۴۶۔۵۱)

9۔۔۔غیر مسلموں کو توحید کی دعوت اور اس کا انداز۔(۶۴۔۶۶)

10۔۔۔حضرات انبیاء علیہم السلام سے عالم ارواح میں لیا گیا عہد اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان افضلیت۔(۸۱۔۹۱)

چوتھا پارہ

1۔۔۔بیت اللہ کا تعارف اور اس کی مرکزیت کا بیان۔(۹۶۔۹۷)

2۔۔۔عروج اور کامیابی کے دو اہم اسباب کی نشاندہی، اللہ کی رسی (قرآن) اور باہمی اتفاق۔

(۱۰۳۔۱۰۹)

3۔۔۔امت محمدیہ کا اہم ترین وظیفہ امر بالمعروف نہی عن المنکر۔(۱۱۰۔۱۱۵)

4۔۔۔غیر مسلموں کے ساتھ دوستی نبھانا سخت نقصان کا باعث ہے۔(۲۸)

5۔۔۔متقین کے چند اہم صفات۔(۱۳۰۔۱۴۱)

6۔۔۔غزوہ احد میں ظاہری شکست کا تجزیہ، تنبیہ، تسلی اور تبشیر۔(۱۴۹۔۱۶۸)

7۔۔۔شہداء کی فضیلت اور ان کا بلند مقام۔(۱۶۹۔۱۷۰)

8۔۔۔عقلمندوں کی دو نشانیاں اور مومنین کی زبانی چند اہم دعائیں۔(۱۹۰۔۲۰۰)

سورت نساء

9۔۔۔وراثت سے متعلق چند اہم ہدایات اور عورت کو حق وراثت دینے کی تاکید۔(۴۔۱۴)

10۔۔۔گناہ سے سچی توبہ ہو تو معافی کا وعدہ ہے لیکن نزع کے وقت توبہ قبول نہیں۔(۱۵۔۱۸)

پانچواں پارہ

1۔۔۔محرمات کا بیان۔(۲۳)

2۔۔۔میاں بیوی کے حقوق اور فرائض اور مرد کی بالادستی کا تذکرہ۔(۳۴)

3۔۔۔امانتیں اور حقوق کی ادائیگی اور انصاف کے ساتھ فیصلوں کی تاکید۔(۵۸۔۵۹)

4۔۔۔کمال ایمان کیلئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلوں کو خوش دلی کے ساتھ تسلیم کرنا۔(۶۴ ۷۰)

5۔۔۔نعمت اور خیر کامل اللہ کا فضل ہے اور تکلیف و مصیبت اپنی گناہوں کی وجہ سے آتے ہیں۔

(۷۷۔۸۰)

6۔۔۔مومن کو قتل کرنے کی عبرتناک سزا اور قتل خطا کے احکام۔(۹۲۔۹۳)

7۔۔۔جہاد فی سبیل اللہ کی فضیلت۔(۹۵۔۹۶)

8۔۔۔ابتداء اسلام میں ہجرت فرض تھی اور اس کے احکام۔(۹۷۔۱۰۰)

9۔۔۔سنت اور اجماع سے ہٹ کر جو بھی طریقہ اختیار کیا جائیگا گمراہی ہے۔(115)

10۔۔۔بیوی کے حقوق کی ادائیگی اور ناانصافی سے بچنے کی ترغیب۔(130-126)

11۔۔۔منافقین کی چند اہم نشانیاں۔(147-137)

چھٹا پارہ

1۔۔۔عقیدہ حیات مسیح۔(۱۵۷)

2۔۔۔دین میں غلو کی ممانعت اور عقیدہ تثلیث کا ابطال۔(۱۷۱)

سورت مائدہ

3۔۔۔حرام غذاوں اور جانوروں کی تفصیل(۳)

4۔۔۔گواہی دینے اور فیصلہ کرنے میں انصاف ضروری ہے چاہے سامنے والدین ہی کیوں نہ ہوں۔

5۔۔۔بنی اسرائیل کو مقدس سرزمین میں جہاد کی دعوت اور ان کا انکار۔(۲۱)

6۔۔۔واقعہ ہابیل و قابیل اور اس کے اسباق۔

7۔۔۔ڈاکوؤں اور مفسدین کی سزاوں کا بیان۔(۳۳)

8۔۔۔پچھلی تمام کتب سماویہ قابل ایمان ہیں اور اللہ کی اتاری گئی تعلیمات کے مطابق فیصلہ نہ کرنا فسق، ظلم اور کفر ہے۔(۴۵)

9۔۔۔علماء اور مذہبی پیشواوں کو دوسروں گناہوں پر خاموش رہنے کی اجازت نہیں۔(۶۳)

10---حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عبدیت کی ایک واضح دلیل۔(۷۵)

ساتواں پارہ

1---قَسم کی انواع واحکام، شراب اور جوئے کی حرمت۔(۷۹)

2--- حوارین اور آسمانی دستر خوان کا واقعہ۔(۱۱۲)

3---قیامت کے دن اللہ جل شانہ کی طرف سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے سوال اور ان کا عاجزانہ جواب۔(۱۱۶)

سورت انعام

4---عقیدہ توحید کا ایک خوبصورت اور اہم پہلو۔(۱۷)

5---دنیا کی زندگی کا مختصر نقشہ اور قیامت کی حسرت کا بیان۔(۳۱)

6---گزشتہ قوموں پر آنے والی دو اجتماعی آزمائشیں۔(۴۲)

7----کلی وجزئی غیب کا علم صرف اللہ کے پاس ہے۔(۵۹)

8---عذاب الٰہی کی تین صورتیں۔(۶۵)

9 ---عقیدہ توحید اور سورج، چاند کا تذکرہ۔(۷۴)

10---باری تعالیٰ کی قدرت کی چند آفاقی نشانیاں، دن اور رات، سورج اور چاند، انسان کی پیدائش اور زمین سے نباتات نکالنا وغیرہ۔(۹۵)

آٹھویں پارہ

1۔۔۔ذبح کے احکام اور جانور کے حلال ہونے کیلئے تسمیہ ضروری ہے(۱۱۸)

2۔۔۔مشرکین کی چند جاہلانہ اور مشرکانہ رسومات۔(۱۳۶)

3۔۔۔اللہ کی طرف سے بندوں کیلئے دس اہم وصیتیں۔(۱۵۱)

4۔۔۔مومن کا ہر عمل اور اس کی زندگی کا ہر لمحہ اللہ ہی کیلئے ہے۔(۱۶۲)

سورت اعراف

5۔۔۔شیطان کا تکبر اور انسانی دشمنی کا اعلان۔(۱۱)

6۔۔۔لباس اور اس کے شرعی احکام۔(۲۶)

7۔۔۔اگر نیت درست ہو تو اللہ کی نعمتیں اور زیب وزینت کی چیزیں استعمال کرنا بھی عبادت ہے۔(۳۲)

8۔۔۔اصحاب جنت اور اصحاب دوزخ کی باہمی گفتگو کی کچھ جھلکیاں۔(۴۴)

9 ۔۔۔مرنے کے بعد زندہ ہونے کی ایک واضح دلیل۔

10۔۔۔پانچ بڑی قوموں کے انجام اور ہمارے لئے درس عبرت۔(۵۷)

نواں پارہ

1۔۔۔برکت کے حصول کا نقشہ خداوندی۔(۹۶)

2۔۔۔نبی کے معجزے کی مادیت پر فتح۔

3---کوہ طور پر تجلی خداوندی کا واقعہ۔(۱۴۳)

4---تورات میں نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے مذکور اوصاف اور ان کی تعلیمات کا بیان۔(۱۵۷)

5---اصحاب سبت کا واقعہ اور ان کا عبرتناک انجام۔(۱۶۳۔۱۸۳)

6---عہد الست (ساری انسانیت سے لیا گیا ایک معاہدہ)۔(۱۷۲)

7---بلعم بن باعورا کا عبرتناک واقعہ۔(۱۷۵)

8---تلاوت اور ذکر اللہ کی ترغیب اور آداب۔

سورت انفال

9---مومنین کی چند نشانیاں

10---غزوہ بدر کا ایک منظر اور اللہ کی نصرت کا ذکر۔(۵)

دسواں پارہ

1---جنگ میں کامیابی دلانے والے پانچ اسباب۔(۱۵)

2---کفار کے خلاف ہر طرح کی عسکری و نظریاتی تیاری۔(۶۰)

3---مسلمانوں کے مابین باہمی اخوت و نصرت اور اس بنیاد پر ابتداء اسلام میں باہمی وراثت کا حکم۔(۲۰۔۲۲)

4---کفار کے ساتھ کیے گئے باہمی معاہدوں کے ختم کیئے جانے کا اعلان اور کافر کو دعوت و تبلیغ کا حکم۔(۱۔۶)

5---ہجرت اور جہاد فی سبیل اللہ، مسجد کی ظاہری تعمیر اور ان جیسے کئی اعمال سے افضل ہے۔(۱۹)

6۔۔۔ کفار سے جزیہ لینے کا بیان

7۔۔۔ زکوٰۃ کی ادائیگی نہ کرنے پر سخت وعید۔ (۳۴)

8۔۔۔ نفیر عام کے وقت جہاد فرض ہے۔ (۳۸)

9۔۔۔ زکوٰۃ کے آٹھ مصارف کا بیان۔ (٦٠)

10۔۔۔ منافقین کی چند صفات بالخصوص ان کا نیکیوں میں مشغول مسلمانوں پر طعن و تشنیع کرنا۔

گیارہواں پارہ

1۔۔۔ دین میں سبقت لیجانے والے تمام صحابہ کرام اور ان کے پیروکاروں کیلئے بشارت ہے۔ (۱۰۰)

2۔۔۔ مسجد ضرار کا تذکرہ اور اس میں ہمارے لئے موجود سبق۔ (۱۰۷)

3 ۔۔۔ اللہ کو اپنی جانیں بیچنے والوں کے چند اوصاف۔ (۱۱۱)

4۔۔۔ غزوہ تبوک میں رہ جانے والے تین صحابہ کرام کا واقعہ۔ (۱۱۸)

5۔۔۔ نبی رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کا رب العالمین کی طرف سے بیان کردہ نقشہ۔

6۔۔۔ دنیا کی زندگی کی بے ثباتی کی خوبصورت مثال۔ (۲۴)

7۔۔۔ ذات باری تعالیٰ کا اثبات سوال وجواب کے انداز میں۔ (۳۱)

8 ۔۔۔ اللہ کے ولی کی چند نشانیاں۔ (٦۲)

9۔۔۔فرعون کا عبرتناک انجام، حضرت موسیٰ عیہ السلام اور آنے والی مدد خداوندی اور فرعون کی بحر قلزم میں غرقیابی۔(۹۰)

10۔۔۔قوم یونس کی توبہ قبول ہونے کا واقعہ اور ہمارے لئے اس میں پیغام۔

بارہواں پارہ

سورت ہود

1 ۔۔۔ہر جاندار کا رزق اللہ کے ذمے ہے اور وہ اس کو پہنچتا رہیگا۔(٦)

2۔۔۔منکرین قرآن کو چیلنج اور ان کی شکست۔

3 ۔۔۔واقعہ طوفان نوح اور اس میں موجود عبرت کے اسباق۔(۳۷)

4۔۔۔ استغفار کے فوائد و برکات۔(۵۲)

5۔۔۔اقتصادی اور معاشی نظام میں تعلیمات خداوندی کی پاسداری ضروری ہے۔(۸۵)

6۔۔۔استقامت کا حکم۔(۱۱۲)

7۔۔۔دینی واقعات کے فوائد کا بیان۔(۱۲۰)

سورت یوسف

8۔۔۔حضرت یوسف علیہ السلام کا واقعہ اور ان کے بھائیوں کا ان سے حسد۔

9۔۔۔حضرت یوسف علیہ السلام کی عفت اور پاکدامنی کے امتحان کا بیان اور ان کی کامیابی۔(۲۳)

10۔۔۔ حضرت یوسف علیہ السلام کا جیل میں بھی دعوتی مہم کا انجام۔(۳۶۔۔۔۳۸)

تیرہواں پارہ

1۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا اپنے بیٹوں کو الگ الگ دروازوں سے داخل ہونے کی وصیت۔

معلوم ہوا کہ نظر لگنے کے اسباب سے اپنے آپ کو بچانا ضروری ہے۔(٦٧)

2۔۔۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا صبر اور اللہ پر حسن ظن۔(٨٦)

3۔۔۔ صبر اور تقویٰ ہر مشکل اور آزمائش میں باعث نجات ہے اور حاسدین کا بہترین مقابلہ ہے۔(۹۰)

4۔۔۔ مصیبت ختم ہونے اور کامیابی کے حصول کے بعد اللہ تعالیٰ کا شکر۔(۱۰۰)

5۔۔۔ آیات تکوینیہ اور قدرت خداوندی کی چند نشانیاں۔(۲)

6۔۔۔ عقلمند اور اہل جنت کی دس صفات۔(٢١)

7۔۔۔ قرآن کریم کی تاثیر کا بیان۔

سورت ابراہیم

8۔۔۔ کفار کی تین بنیادی نشانیاں۔(۳)

9۔۔۔ قیامت کے دن شیطان کا اپنے چیلوں سے براءت کا بیان۔(۲۲)

10۔۔۔حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنی اولاد کے حق میں چند اہم دعائیں۔(۳۵۔۴۱)

چودہواں پارہ

سورت حجر

1۔۔۔قرآن کی حفاظت کی ذمہ داری براہ راست رب العالمین کی طرف سے لئے جانے کا بیان اور اس کی مختلف صورتیں۔(۹)

2۔۔۔ایمان خوف اور رجاء کے درمیان ہے نہ مایوسی اور ناامیدی درست ہے نہ ڈھٹائی اور دلیری۔(۴۹)۔

3۔۔۔تسبیح وعبادت میں مشغولی راہ دعوت میں پیش آنے والی تکلیفوں کا علاج ہے۔ (۹۷)۔

سورت نحل

4۔۔۔اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی تفصیلات اور ان میں غور وفکر کا بیان۔۔ (۵)۔

5۔۔۔موت کے وقت مومنین و کفار کے مختلف حالات۔(۳۲)۔

6۔۔۔ اللہ تعالیٰ کے پکڑ کی مختلف صورتیں اور ان سے ڈرتے رہنا چاہیئے۔(۴۵)۔

7۔۔۔بیٹیوں کی پیدائش پر مشرکین کا طرز عمل اور اس کی مذمت۔(۵۸)۔

8۔۔۔خالق اور مخلوق میں فرق کی دو مثالیں۔(۷۵)۔

9۔۔۔تمام دینی تعلیمات کا حاصل چھ چیزوں کا بیان۔(۹۰)۔

10۔۔۔ایک ایسی بستی جس کو اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کے پاداش میں اللہ تعالی نے بھوک اور خوف کا عذاب سہنا پڑا۔(۱۱۲)۔

11۔۔۔دعوت و تبلیغ کے بنیادی اصول۔(۱۲۵)۔

پندرھواں پارہ

سورت اسراء

1۔۔۔ واقعہ معراج نبوت کا ایک عظیم معجزہ اور قدرت خداوندی کی زبردست نشانی۔(۱)۔

2۔۔۔دنیا اور آخرت کی محنتوں سے متعلق دو الگ الگ خداوندی ضابطے۔(۱۸)۔

3۔۔۔اعضائے انسانی امانت خداوندی ہے اور اس کا غلط استعمال خیانت اور آخرت میں اس کے حوالے سے بازپرس ہوگی۔(۳۶)۔

4۔۔۔انسان کو تمام مخلوقات پر فضیلت حاصل ہے۔(۷۰)۔

5۔۔۔ قرآن مومنوں کیلئے شفا اور رحمت ہے۔(۸۲)۔

سورت کہف

6۔۔۔قیامت کے دن مجرمین کی ذلت ورسوائی۔(۱۷)۔

7۔۔۔اصحاب کہف کا مختصر واقعہ۔(۹۔۔۷۳)۔

8۔۔۔ہمہ وقت رضائے خداوندی کے طالبین اہل اللہ کا بلند مرتبہ۔(۲۸)۔

9۔۔۔ دو باغ والے کا عبرتناک واقعہ۔(۳۲)۔

10۔۔۔نامہ اعمال بارگاہ خداوندی میں پیش کیے جانے کی کیفیت کا بیان۔(سورہ بنی اسرائیل ۱۳۔۱۴)۔

سولھواں پارہ

1۔۔۔حضرت موسیٰ و خضر علیہما السلام کا واقعہ (۷۵)۔

2۔۔۔ذوالقرنین کا مختصر واقعہ (۸۳۔۔۹۷)۔

سورت مریم

3۔۔۔حضرت مریم علیہا السلام کی پاکدامنی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کا عجیب واقعہ۔(۱۔۔۳۶)۔

4۔۔۔نااہل جانشینوں کی دو نشانیاں۔(۵۹)۔

5۔۔۔ عاص بن وائل مشرک کا واقعہ۔(۷۷)۔

6۔۔۔نیکی کا ایک خاص انعام منجانب اللہ لوگوں کے دلوں میں محبوبیت کا پیدا ہو جانا۔(۹۶)۔

سورت طہٰ

7۔۔۔ دعوت کی مہم شروع کرنے سے پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی چند دعائیں اور ان کی قبولیت۔(۲۴۔۔۔۵۴)۔

8۔۔۔جادو گر جو جادو میں شروع دن میں کافر تھے آخر میں مومن ہو گئے اور ان کی جذبہ ایمانی۔(۷۰)۔

9۔۔۔سامری کا افساد اور اس کا انجام بد۔(۸۸)۔

10۔۔۔قرآن سے اعراض کی دنیوی واخروی سزا۔(۱۲۴)۔

سترہواں پارہ

سورت انبیاء

1۔۔۔قیامت قریب اور سر پر آچکی ہے۔(1)

2۔۔۔ باری تعالیٰ کی وحدانیت کی ایک مضبوط دلیل۔(۲۲) ۔

3۔۔۔ قیامت کے دن وزن اعمال برحق ہے۔(۴۷) ۔

4۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بتوں کو توڑنا اور قوم کو ببانگ دہل شرمندگی پر مجبور کرنا۔ (۵۷۔۷۳)

5۔۔۔ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کا اپنے رب کے ساتھ مضبوط تعلق اور ان کے لئے مصیبت میں نصرت خداوندی۔(۶۷۔۔۔ ۹۳) ۔

6۔۔۔ سابقین و مقربین محشر کی ہولناکیوں سے محفوظ، من پسند مشغلوں میں ہوں گے۔(۱۰۳)

۔

سورت حج

7۔۔۔ قیامت کے زلزلے کی ہولناکیوں کا بیان۔(۱)۔

8۔۔۔ روز محشر زندہ اٹھائے جانے کی دو دلیلیں : ا۔انسان کی ابتداء خلقت۔۲۔بارش سے مردہ زمین کا زندہ ہونا۔(۵۔۔۱۰)۔

9۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا حج کیلئے اعلان اور لوگوں کا جوق درجوق آنا اسی کا جواب ہے۔(۲۷)۔

10۔۔۔ جہاد کا حکم اور اس میں حکمتیں اور کمال۔(۳۹)۔

11۔۔۔ شیطان کا انبیاء علیہم السلام کے تلاوت کرنے کے دوران وسوسے ڈالنا اور اس کی اپنے مشن میں ناکامی۔(۵۲)۔

اٹھارواں پارہ

سورت مومنون

1۔۔۔ کامیابی سے ہمکنار ہونے کی سات بنیادی صفات۔(۲۔۔۔۱۱)۔

2۔۔۔انبیاء علیہم السلام کے سامنے ان کے قوموں کی طرف سے پیش کئے جانے والا ایک عام شبہ اور اس کا ازالہ۔(۲۴)۔

3۔۔۔ ایمان والوں کی پانچ نشانیاں۔(۵۷۔۶۱)۔

سورت نور

4۔۔۔ نزع کے وقت اور دوزخ میں کافروں کی دھائی اور حسرت اور ان پر سخت ڈھانٹ ڈپٹ۔(۹۹۔۱۱۷)

5۔۔۔ واقعہ افک اور ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی'عنہا کی پاکدامنی کا واقعہ۔(۱۱۔۔۲۶)

6۔۔۔ عافیت نگاہوں کی حفاظت اور پاکدامنی میں ہے۔(۳۰۔۳۱)

7۔۔۔ تجارت اور دنیوی دھندے اللہ کی بندگی میں رکاوٹ نہ بنے۔(۳۷)

8۔۔۔ نظامت خلافت کی برکتیں۔(۵۵)۔

9۔۔۔ گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا برکت لاتا ہے۔(۶۱)

سورت فرقان

10۔۔۔ دوزخ کی ہولناکی اور دہشت ناکی کا بیان۔(۱۲)۔

انیسواں پارہ

1۔۔۔ برے لوگوں کی دوستی قیامت کے دن حسرت کا باعث ہوگی۔(۲۷)۔

2۔۔۔ عباد رحمان کا ایک دلکش نقشہ اور خوبصورت تعارف۔(۶۳ ۔۷۷)۔

سورت شعراء

3۔۔۔ فرعون کے رب العالمین سے متعلق چند سوالات اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دو ٹوک جوابات (۲۳۔۳۳)

4۔۔۔ پیغمبرانہ یقین کی ایک حیرت انگیز جھلک۔(۶۲)

5۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زبانی توحید خداوندی کے چند پہلوؤں کا بیان۔()

6۔۔۔ پانچ قوموں پر آنے والے مختلف عذابات۔(۱۰۵)

7۔۔۔ قرآن کی حقانیت اور مقصد نزول کا بیان۔(۱۹۲)

سورت نمل

8۔۔۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اور چیونٹی کا واقعہ۔(۱۸)

9۔۔۔ ملکہ سبا کا قصہ اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا اس کو اسلام اور توحید کی دعوت دینا۔(۲۲)

10۔۔۔ نعمت کے موقع پر شکر خداوندی اللہ تعالیٰ کے بندوں کی خاص پہچان ہے ۔

11۔۔۔ حضرت صالح علیہ السلام کے خلاف قوم کی سازش اور اس کی بربادی۔(۴۹۔۔۵۰)

بیسواں پارہ

ا ۔۔۔توحید الٰہی کا اثبات استفہام تقریری کی صورت میں۔(۶۰)

۲۔۔۔قیامت کی ایک اہم نشانی دابۃ الارض۔(۸۲)

سورت قصص

۳۔۔۔ کبھی کمزور و بے حیثیت لوگ بھی تخت و تاج کے مالک بنا دیئے جاتے ہیں۔(۵)

۴۔۔۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی مدین آمد اور کنویں کے پاس پیش آنے والا واقعہ۔(۲۳)

۵۔۔۔ کوہ طور پر باری تعالیٰ سے ہمکلامی کا شرف (۳۰۔۳۱)۔

۶۔۔۔بنی اسرائیل کے نو مسلم یہودی اور عیسائیوں کیلئے دو اجر کا وعدہ اور ان کی چند صفات۔ (۵۴۔۵۵)

۷۔۔۔ قارون کا سبق آموز واقعہ۔(۷۶)

سورت عنکبوت

۸ ۔۔۔آزمائشیں ایمان کا حصہ ہیں اور ایمان والے اس میں سے کندھن بن کر نکلتے ہیں۔(۱۔۲)

۹۔۔۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اپنے قوم کو نصیحت اور قوم کا جواب۔(۲۹)

10۔۔۔گزشتہ قوموں پر آنے والے عذابوں کا اجمالی خاکہ۔(۴۰)

اکیسواں پارہ

۱۔۔۔ قرب الی اللہ کے حصول کیلئے چار اعمال انتہائی اہم ہے۔(۴۵)

۲۔۔۔ راہ خداوندی میں ہجرت کرنے والوں کیلئے تسلی۔(۵۶)

سورت روم

۳۔۔۔ایک حیرت ناک پیشگوئی ، قرآن کریم کا عظیم معجزہ۔(۱۔۲)

۴۔۔۔ قدرت خداوندی کی چھ عظیم نشانیاں۔(۲۰۔۲۵)

۵۔۔۔اسلام دین فطرت ہے اور ہر انسان کے جبلت میں ہے۔(۴۳۔۴۴)

سورت لقمان

۶۔۔۔ گانے اور موسیقی پر دردناک سزا کا اعلان۔(۶)

۷۔۔۔ حضرت لقمان علیہ السلام کی اپنے بیٹے کو چند نصائح۔(۱۳)

۸۔۔۔مغیبات خمسہ کا علم صرف اللہ کو ہے۔(۳۴)

سورت سجدہ

۹۔۔۔ روز محشر بارگاہ خداوندی میں حاضری کے وقت مجرموں کی فریاد و مایوسی۔(۱۲) ۔

سورت احزاب

۱۰۔۔۔ واقعہ احزاب اور نصرت خداوندی کا بیان۔(۹)

بائیسواں پارہ

۱۔۔۔ اجنبیوں سے برتاو اور گھریلو ماحول کی اصلاح سے متعلق ازواج مطہرات کو چند اہم ہدایات۔(۳۲۔۳۳)

۲۔۔۔ختم نبوت ایمان کا اہم ترین عقیدہ ہے۔(۴۰)

۳۔۔۔ اہم ترین عبادت درود پاک اور اس کی برکات۔(۵۶)

۴۔۔۔ حجاب شرعی ایک اہم فریضہ ہے۔(۵۹)

سورت سبا

۵۔۔۔ قوم سبا کا واقعہ اور ان کی ناشکری کی سزا۔(۱۵)

۶ ۔۔۔مال و اولاد اور دنیوی نعمت بارگاہ خداوندی میں قبولیت کی علامت نہیں ، قبولیت کی علامت صرف ایمان و تقویٰ ہے۔(۳۷)

سورت فاطر

۷۔۔۔ دو بڑے دھوکہ بازوں (دنیا اور شیطان) سے ہوشیار رہیں۔(۵۔۶)

۸۔۔۔ باری تعالیٰ کی بے نیازی اور بڑائی اور تمام مخلوق کے فقر و عجز کا اعلان۔(۱۵)

۹۔۔۔ قرآن کریم وراثت خداوندی ہے اور اس حوالے سے تین قسم کے لوگ۔ (۳۲)

سورت یس

۱۰۔۔۔ انطاکیہ بستی والوں اور حبیب نجار کا واقعہ۔(۲۰)

تیئیسواں پارہ

۱۔۔۔ رات دن ، سورج چاند کا نظام وجود خداوندی کی زبردست دلیل اور قدرت خداوندی کی عظیم نشانی ہے۔(۳۷)

۲۔۔۔ قیامت کے دن انسانی اعضاء خود انسان کے خلاف گواہی دینگے۔(۶۵)

۳۔۔۔ جو خدا آسمان و زمین جیسی بڑی مخلوقات پیدا کر سکتا ہے، وہ اس حقیر انسان کو دوبارہ وجود کیوں نہیں بخش سکتا۔(۸۱۔۸۲)

سورت صافات

۴ ۔۔۔دوزخ کے ایک درخت زقوم اور اس کی ہولناکی کا بیان۔(۶۲)

۵ ۔۔۔حکم خداوندی کے آگے باپ بیٹوں کے ایثار و تسلیم کی ایک عجیب کہانی۔(۱۰۲)

۶۔۔۔ حضرت یونس علیہ السلام کی آزمائش اور اللہ کی مدد کا آنا۔(۱۲۹)

سورت ص

۷۔۔۔ حضرت داود علیہ السلام کا ایک واقعہ اور حق تعالیٰ کی طرف سے ان کو تنبیہ۔(۲۱)

۸ ۔۔۔انبیاء علیہم السلام کی ایک خاص نشانی آخرت کی یاد (۴۶)

سورت زمر

۹ ۔۔۔رات کی عبادت ، آخرت کا ڈر اور اللہ کے رحمت کی امید ، مومنوں کی یہ تین نشانیاں ہیں۔(۹)

۱۰۔۔۔ قرآن کریم کی قوت تاثیر کا بیان اور اس کا ایک تعارف۔(۲۳)

چوبیسواں پارہ

ا۔۔۔ ذات خداوندی پر کامل یقین اور توکل کی چند جھلکیاں (۳۶۔۳۷۔۳۸)

۲۔۔۔ قرآن کریم کی امید رحمت سے بھری ایک منفرد آیت۔(۵۳۔۵۴)

۳۔۔۔روز قیامت عظمت خداوندی کا صحیح ظہور اور اس کی کچھ جھلکیاں۔(٦۷)

سورت مومن

۴۔۔۔ سچے مومنین کے حق میں دعا و استغفار مقربین فرشتوں کا وظیفہ بنا دیا گیا ہے۔(۷۔۸۔۹)

۵۔۔۔ فرعون کے دربار میں ایک سچے مومن کی للکار۔(۲۸)

٦۔۔۔ دعا کا حکم اور قبولیت کا وعدہ۔(٦۰)

۷۔۔۔ انسانی زندگی کے چھ مراحل ، قدرت خداوندی کی زبردست نشانی ہے۔(٦۷)

۸۔۔۔ چھ دنوں میں آسمان و زمین کی تخلیق کا بیان۔(۹ تا ۱۲)

۹۔۔۔ استقامت پر ملنے والی بشارتیں۔(۳۰۔۳۲)

۱۰۔۔۔ دشمن کو دوست بنانے کا ایک پر اثر نسخہ۔(۳۴ تا ۳۶)

پچیسواں پارہ

۱۔۔۔ مصیبت اور نعمت دونوں حالتوں میں انسان کی بے وفائی اور کم ظرفی۔(51۔48)

سورت شوری

۲۔۔۔ دس مختصر ہدایات پر مشتمل ایک عظیم آیت۔(۱۵)

۳۔۔۔ عام طور پر مصیبتیں اپنے کئے کا نتیجہ ہوتی ہیں۔(۳۰)

۴۔۔۔ آخرت کی نعمتیں سدا بہار ہیں اور اس کے مستحق لوگ۔(۶۰)

۵۔۔۔ وحی الٰہی کی تین صورتیں۔(۵۱)

سورت زخرف

۶ ۔۔۔مشرکین کا ایک اعتراض کہ نبوت معاشرے کے صاحب حیثیت شخص کو کیوں نہیں ملی اور اس کا عجیب حاکمانہ جواب۔(۳۱)۔

سورت دخان

۷ ۔۔۔قرآن پورا کا پورا بابرکت رات شب قدر میں اتارا گیا۔(۱)

سورت جاثیہ

۸۔۔۔ قدرت خداوندی کی سات تکوینی نشانیاں۔()

۹ ۔۔۔ہدایت سے محروم اور بد قسمت لوگوں کی چار اور علامتیں۔(۲۳)

۱۰۔۔۔ روز محشر کفار کیلئے رحمت سے مایوسی کا صاف اعلان۔(۳۴)

چھبیسواں پارہ

سورت احقاف

۱۔۔۔ والدین کے احسانات اور نیک و بد اولاد کا تذکرہ۔(۱۵)

۲ ۔۔۔دنیوی لذتوں میں مست اور نعمتوں میں مدہوش لوگوں کیلئے لمحہ فکریہ۔(۱۵ تا ۱۹)

سورت محمد

۳۔۔۔ جنت کی چار نہریں۔(۱۵)

سورت فتح

۴۔۔۔ صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کی پیشنگوئی۔(۱)

۵۔۔۔ بیعت رضوان اور بابرکت درخت۔(۱۸)

۶۔۔۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے رفقاء کی چند قرآنی نشانیاں۔(۲۹)

سورت حجرات

۷۔۔۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی غیر معمولی تعظیم اور انتہائی درجے کے آداب و احترام کی تاکید۔(۱)

۸ ۔۔۔اسلامی معاشرے کی تشکیل اور باہمی ربط و تعلق کو مضبوط بنانے کے حوالے سے چھ اصولی ہدایات۔ (۱۱)

سورت ق

۹۔۔۔ جہنم کا " ھل من مزید " کی پکار لگانا اور اللہ جل شانہ کا اس کو بھر دینا۔(۳۰)

سورت ذاریات

۱۰۔۔۔ متقین کی صفات۔(۱۵ تا ۱۹)

ستائیسواں پارہ

۱۔۔۔ مقصد تخلیق انسانیت صرف عبادت ہے اور رزق کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے لے رکھی ہے۔(۵۶)

سورت طور

۲۔۔۔ متقین کی نعمتوں کی کچھ جھلکیاں اور دنیا میں ان کا ڈر اور خوف والی زندگی گزارنا۔(۱۸ تا ۲۶)

۳۔۔ مشرکین مکہ سے چودہ ایسے فکر دلانے والے سوالات جو جبیر بن مطعم کے اسلام لانے کا ذریعہ بنے۔ (۳۰)

سورت نجم

۴ ۔۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تزکیہ و عصمت اور قرآن کے وحی الٰہی ہونے کا تذکرہ۔(۳ تا ۸)

۵۔۔ مشرکین کے معبودان باطلہ صرف اوہام و بے بنیاد خیالات کے سوا کچھ نہیں۔(۱۹)

۶ ۔۔انبیاء سابقین کے صحیفوں کی تیرہ اہم باتیں۔(۳۶ تا ۴۵)

سورت قمر

۷۔۔ قرآن کریم پڑھنے ، یاد کرنے اور نصیحت حاصل کرنے کیلئے آسان ہے لیکن طلب جس کے اندر ہو۔(۲۲)

سورت رحمٰن

۸۔۔ سورہ رحمٰن میں موجود نعمتوں کی فہرست کی ابتداء تعلیم قرآن سے ہے ، سوال یہ ہے کہ اس میں ہمارا حصہ کتنا ہے ؟۔(۱)

سورہ واقعہ

۹۔۔قیامت کے دن لوگوں کے تین اقسام ہوں گی۔(۷ تا ۱۰)

سورت حدید

۱۰ ۔۔۔قیامت کے دن ایمان و اعمال کا نور سامنے اور دایاں جانب ہوگا اور اس موقع پر منافقین کی حسرت کا بیان۔(۱۲)

اٹھائیسواں پارہ

سورت مجادلہ

۱۔۔۔ایک عورت کی سرگوشی اللہ نے آسمانوں سے اوپر سن لی اور ظہار اور اس کے احکام۔(۱
(

۲۔۔۔ مجلس میں سرگوشی اور اس سے متعلق آداب۔(۸ تا ۱۱)

۳۔۔۔ اللہ کے دشمنوں سے دوستی کی ممانعت اور حزب اللہ کا بیان (۲۲)

سورت حشر

۴ ۔۔۔غزوہ بنو نظیر کا قصہ اور نصرت خداوندی کا بیان۔(۲)

۵ ۔۔۔مہاجرین و انصار کی فضیلت اور انصار کے ایثار اور بعد کے لوگوں کا ان کے بارے میں دل صاف رکھنے کا بیان۔

۶۔۔۔قرآن کی عظمت اور اس کی ہیبت سے پہاڑ کے ریزہ ریزہ ہونے کا بیان۔(۲۱)

۷۔۔۔ جناب باری تعالیٰ کے بعض ناموں کا پاکیزہ تذکرہ۔(۲۲ تا ۲۴)

۸۔۔۔ کفار سے دوستی ، معاملات اور عام تعلق کے تفصیلی احکام۔(۸۔۹)

سورت صف

۹۔۔۔ اللہ کے ساتھ ایک انتہائی منافع بخش تجارت۔(۱۰ تا ۱۲)

سورت جمعہ

۱۰۔۔۔ نماز جمعہ کی بھرپور اہمیت اور تجارت و دیگر دنیوی مشاغل کی وجہ سے اس سے غافل نہ ہونے کا بیان۔(۹۔۱۰۔۱۱)

سورت منافقون

۱۱۔۔۔منافقین کی تقریبا دس خصلتوں کا تذکرہ جس میں ہر مسلمان کیلئے دعوت فکر ہے۔(۱ تا ۱۱)

سورت تغابن

۱۲۔۔۔ قیامت کے دن کچھ لوگ نفع میں اور کچھ زبردست گھاٹے میں رہیں گے۔(۹)

۱۳۔۔۔ تقدیر پر ایمان کا ایک اہم قاعدہ۔(۱۱)

سورت طلاق

۱۴۔۔۔ طلاق سے متعلق احکام اور مطلقہ عورتوں کے مختلف احوال و احکام۔(۴)

سورت تحریم

۱۵۔۔۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک چیز کے نہ کھانے کی قسم اور اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ازواج مطہرات کو تنبیہ۔(۱ تا ۴)

۱۶ ۔۔۔اپنے اور اپنے اہل خانہ کو اللہ کی نافرمانی سے بچانا اور اس حوالے سے تربیت کی فکر ضروری ہے۔(۶)

انتیسواں پارہ

سورت ملک

۱۔۔۔ اعمال میں مقصود حسن ہے گنتی نہیں اور آسمانوں کی تخلیق میں موجود صنعت الٰہی میں غور و فکر کی دعوت۔(۱)

سورت قلم

۲۔۔۔ باغ والوں کا واقعہ اور بخل کا انجام۔(۱۷)

۳۔۔۔ قیامت کے دن ساق کی تجلی کا ظہور۔(۴۲)

سورت حاقہ

۴۔۔۔ قیامت کے چند احوال اور اللہ جل شانہ کے تجلی فرمانے کا ذکر۔(۱۳۔۱۶)

سورت معارج

۵۔۔۔ عذاب الٰہی کو دیکھ کر دنیا کی ہر من پسند چیز کو اپنے بدلے دینے کا نفسا نفسی والا منظر ۔(۱۱ تا ۱۴)

سورت نوح

۶۔۔۔ حضرت نوح علیہ السلام کا دعوت و تبلیغ میں بھرپور اور مختلف اسالیب و انداز کا بیان۔(۱ تا ۲۸)

سورت جن

۷۔۔۔ جنات کے اسلام کا واقعہ اور ان کا اپنی قوم کیلئے پراثر پیغام۔(۱ تا ۱۷)

سورت مزمل

۸۔۔۔ دعوت الی اللہ کی مہم میں رات کی عبادت ، ذکراللہ اور صبر داعی دین کا اہم ترین اسلحہ ہے۔

سورت مدثر

۹۔۔۔ دشمنان دین کا ایک نمونہ اور اس کے انجام کا بیان۔(۱۱)

سورت قیامہ

۱۰۔۔۔ قیامت کے دن کی ہولناکی اور موت کی سختی کا بیان۔(۷۔۲۶)

سورت دھر

۱۱۔۔۔جنت کے خوبصورت مناظر۔(۱۱ تا ۳۰)

سورت مرسلات

۱۲۔۔۔ متعدد دلائل کے ذریعے روز قیامت کا اثبات اور جھٹلانے والوں کیلئے سخت ڈھانٹ اور سرزنش۔

(۲۰ تا ۴۰)

تیسواں پارہ

سورت نبا

۱۔۔۔ابتدائی پانچ سورتوں میں قیامت کے متعدد احوال اور وقائع کا ذکر ہے۔

سورت عبس

۲۔۔۔ نابینا صحابی کا واقعہ اور اس بات کا اثبات کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بندے کی طلب پر فیصلہ ہوتا ہے۔

سورت مطففین

۳۔۔۔ ناپ تول میں کمی اور ڈنڈی مارنا سخت ترین گناہ ترین گناہ ہے۔

سورت بروج

۴۔۔۔ مسلمانوں کیلئے آگ کی خندقیں کھودنے والے کفار کا واقعہ اور ان کیلئے سخت وعید۔

سورت فجر

۵۔۔۔ انسانوں کی چند بری عادتیں۔(۱۷ تا ۲۰)

سورت شمس

۶۔۔۔ گیارہ قسمیں اور کامیابی و ناکامی کا معیار۔

سورت ضحیٰ

۷۔۔۔ نبی پر اللہ جل شانہ کے تین خصوصی انعامات اور ان کیلئے تین خصوصی ہدایات کا بیان

۔

سورت علق

۸۔۔۔سب سے پہلے نازل ہونے والی وحی جو پڑھنے اور علم دین حاصل کرنے کے حکم پر مشتمل ہے۔

سورت قدر

۹۔۔۔ شب قدر کے فضائل وبرکات۔

سورت عادیات

۱۰۔۔۔ گھوڑوں کی قسمیں اور انسانوں کی ناشکری اور مال کی محبت کا بیان

سورت تکاثر

۱۱۔۔۔ دنیا اور مال و اولاد میں بڑھوتری کی حرص آخرت کی تیاری میں سخت رکاوٹ ہے۔

سورت عصر

۱۲ ۔۔۔گھاٹے اور نقصان سے بچانے والے چار اعمال۔

سورت فیل

۱۳ ۔۔۔واقعہ فیل اور قدرت خداوندی۔

سورت کوثر

۱۴۔۔۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو عطاء ہونے والا خاص عطاء خداوندی۔

سورت اخلاص

۱۵ ۔۔۔اللہ کا خوبصورت تعارف اور اس کی توحید کا بیان۔

سورت فلق

۱۶ ۔۔۔دنیوی شرور ومصائب بالخصوص حسد سے حفاظت کے مضمون پر مشتمل ہے

سورت ناس

۱۷۔۔۔ یہ سورت دینی و اخروی نقصات بالخصوص شیاطین کے وساوس سے پناہ مانگنے کے مضمون پر مشتمل ہے۔

ملحوظہ : یہ تینوں آخری سورتیں تعلق مع اللہ کی مضبوطی اور غیر اللہ سے بے زاری و لاتعلقی کا درس دیتی ہے۔